# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 27 مئی 2003ء بمطابق 24 ربیع الاوّل 1424 ہجری صبح دس بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

إِنَّ ٱلدِّينَ عِندَ ٱللَّهِ ٱلۡإِسۡلَٰمُۗ وَمَا ٱخۡتَلَفَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ إِلَّا مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ ٱلۡعِلۡمُ بَغۡيَۢا بَيۡنَهُمۡۗ وَمَن يَكۡفُرۡ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ فَإِنَّ ٱللَّهَ سَرِيعُ ٱلۡحِسَابِ ○ فَإِنۡ حَآجُّوكَ فَقُلۡ أَسۡلَمۡتُ وَجۡهِيَ لِلَّهِ وَمَنِ ٱتَّبَعَنِۗ وَقُل لِّلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡأُمِّيِّـۧنَ ءَأَسۡلَمۡتُمۡۚ فَإِنۡ أَسۡلَمُواْ فَقَدِ ٱهۡتَدَواْۖ وَّإِن تَوَلَّوۡاْ فَإِنَّمَا عَلَيۡكَ ٱلۡبَلَٰغُۗ وَٱللَّهُ بَصِيرُۢ بِٱلۡعِبَادِ ○

ترجمہ: بلاشبہ دینِ (حق اور مقبول) اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف اسلام ہے۔ اور اہل کتاب نے جو اختلاف کیا (کہ اسلام کو باطل کہا) تو ایسی حالت کے بعد کہ ان کو دلیل پہنچ چکی تھی محض ایک دوسرے سے بڑھنے کے سبب سے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے احکام کا انکار کرے گا تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کا حساب لینے والے ہیں۔ پھر بھی اگر یہ لوگ آپ سے حجتیں نکالیں تو آپ فرما دیجئیے کہ (تم مانو یا نہ مانو) میں تو اپنا رُخ خاص اللہ کی طرف کر چکا اور جو میرے پیروتھے وہ بھی. اور کہئیے اہلِ کتاب سے اور (مشرکین) عرب سے کہ کیا تم بھی اسلام لاتے ہو؟ سو اگر وہ لوگ اسلام لے آئیں تو وہ لوگ بھی راہ پر آجاوینگے اور اگر وہ لوگ روگردانی رکھیں سو آپ کے ذمہ صرف پہنچا دینا ہے اور اللہ تعالیٰ خود دیکھ (اور سمجھ) لینگے بندوں کو۔

جناب انور کمال خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب انور کمال خان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پلیز سر۔ مسٹر سپیکر سر! اگر آپ کی اجازت ہو تو میں کچھ عرض کروں۔

جناب سپیکر: جناب انور کمال خان۔ انور کمال خان۔

جناب انور کمال خان: جناب زۀ يو عرض کول غواړمه۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! شہزادہ گستاسپ کے بھائی فوت ہو چکے ہیں، پہلے ان کے لئے دعائے مغفرت کی جائے۔

جناب انور کمال خان: ایک سیکنڈ، میں ایک بات کرتا ہوں۔ ہمارے معزز رکن شہزادہ گستاسپ کے بھائی فوت ہو گئے ہیں تو آپ صاحبان سے درخواست ہے کہ ان کے حق میں دعائے مغفرت کی جائے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! اس کے بعد پھر مجھے موقع دیں۔

جناب سپیکر: مولانا امان اللہ حقانی صاحب سے درخواست ہے کہ دعا کریں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی، سر! اب مجھے اجازت ہے؟

جناب سپیکر: نہیں، میں اجازت دوں گا۔ میں بھاگنے والا نہیں ہوں بالکل آپ کی۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! یہ باہر دھوپ میں کھڑے ہوئے کچھ طلباء کا مسئلہ ہے۔ ایک دو منٹ کے لئے موقع دیں۔ وہاں پر لڑکیاں بھی کھڑی ہیں اور لڑکے بھی کھڑے ہیں سر۔ پلیز۔

جناب سپیکر: پہلے رولز کے مطابق Process complete کرنے دیں پھر آپ کو موقع دیا جائے گا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! وہ صبح سے دھوپ میں کھڑے ہیں۔

## اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر:</u> بالکل، بالکل۔ جن معززاراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں، ان کے اسمائے گرامی ہیں: محترمہ سلمیٰ بابر صاحبہ، ایم پی اے، آج کے لئے، شہزادہ گستاسپ خان صاحب، ایم پی اے 27-05-2003 تا 29-05-2003 تک کے لئے اور جناب محمد شجاع خان، ایم پی اے 27-05-2003 تا 29-05-2003 تک کے لئے۔ بغرض منظوری ایوان کو پیش کرتا ہوں۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Leave is granted.

## مسند نشین حضرات کی نامزدگی

<u>Mr. Speaker:</u> 'Panel of Chairmen': In pursuance of sub-rule (1) of rule-14 of the Provincial Assembly of North West Frontier Province, Procedure and Conduct of Business rules, 1988, I hereby nominate the following Members in order of priority to form a 'Panel of chairmen' of the current session:-

1. Dr. Zakirullah Khan;
2. Mr. Abdul Majid Khan;
3. Haji Qalandar Khan Lodhi; and
4. Syed Qalb-e-Hassan.

## عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

<u>Mr. Speaker:</u> Item No.4. 'Committee on Petitions': In pursuance of sub rule (1) of rule 116 of the Provincial Assembly of North West Frontier Province. Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a 'Committee on Petitions' comprising of the following Members under the Chairmanship of Mr. Ikramullah Shahid, honourable Deputy Speaker:

1. Dr. Muhammad Zakir Shah;
2. Mr. Iftikhar Ahmad Khan Jhagra;
3. Dr. Zakirullah Khan;
4. Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao;
5. Mr Wajih-uz-Zaman; and
6. Maulana Amanullah Haqqani.

## رسمی کارروائی

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> سر! پہلے میں بات کرلوں کیونکہ یہ باہر طلباء کھڑے ہیں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پہلے آپس میں صلاح کر لیں کہ کس کو بولنا ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! میرا تو یہ میڈیکل کالج کے بارے میں پہلے۔

جناب سپیکر: نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! باہر بہت سے طلباء اور طالبات صبح سے دھوپ میں کھڑے ہیں اور میرے خیال میں یہ پرسوں بھی آپ کے پاس آئے تھے، ان کی گندھارا یونیورسٹی کے بارے میں کچھ Complaints ہیں کہ گندھارا یونیورسٹی چارٹرڈ یونیورسٹی ہے، نومبر 2002 میں گورنر صاحب نے اس کو چارٹرڈ کیا اور یونیورسٹی گرانٹ کمیشن کی Degree Awarding List میں شامل کیا ہے۔ کبیر میڈیکل کالج اور سردار بیگم ڈینٹل کالج 1997 سے پاکستان میڈیکل کالج اینڈ ڈینٹل کونسل کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں، اب ان دونوں کالجوں سے تین سو طلباء فارغ ہو گئے ہیں۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہ کرے کہ آپ۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں آرہی ہوں سر۔ اسی پر آرہی ہوں۔ تھوڑا سا آپ کے لئے کہ آپ ذرا اس کو دیکھ سکیں اور ان کا۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: نہیں میں نے یہ کہا بھی ہے کہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہ کرے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: گندھارا یونیورسٹی کے چارٹرڈ کو PMDC نہیں مانتی جس سے کہ دو سو طلباء کا مستقبل خطرے میں ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ منسٹر ہیلتھ جا کر ان کے ساتھ مذاکرات کر لیں اور جو بھی ان کے پرابلمز ہیں، ان کو ڈسکس کر لیں تاکہ یہ روزانہ آ کے یہاں پر، طلباء اور طالبات باہر دھوپ میں نہ کھڑے ہو سکیں کیونکہ آپ کو پتہ ہے کہ ابھی شریعت بل آرہا ہے تو اس میں عورتوں کے کتنے حقوق آپ لوگوں نے دیئے ہوئے ہیں، تو میرے خیال میں یہ بہتر رہے گا کہ ان کے ساتھ مذاکرات کئے جائیں

جناب سپیکر: بشیر احمد بلور صاحب۔بشیر احمد بلور (مداخلت) He is already on the floor بشیر احمد بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! زۀ ستاسو ډیر زیات مشکور یمه چې تاسو مهربانی اوکړه او ماته موموقع راکړه Though it is not a point of order په دیکښې صرف دا ریکویسټ کومه چې داسې حالات په دې صوبه کښې، په دې پیښور ښار کښې، پیښور ډسټرکټ کښې یو دوه ځلور ورځې مخکښې تاسو ته پته ده چې دا ټول نیو سائن بورډونه چې دی، دا دلته کښې مات کړی شوې دی او بیا هغه بورډونه چې مات کړې شول د پولیس Protection کښې،افسوس په دې کوؤ چې مونږه دلته Law and Order Situation خبره کوؤ چې زمونږه صوبه چې ده،پکښې مثالی د Law and Order Situation دے۔دلته پخپله د پولیس په Under protection کښے خلق ځی او د پرائیویټ خلقو جائیداد ماتوی،د پرائیویټ خلقو سائن بورډونه ماتوی او په هغوې باندې پولیس ایف۔آئی۔آر نه درج کوی،هغوې ته هیڅ څوک هم غږ نه کوی او بیا پریس کانفرنس کوی هغه خلق او په پریس کانفرس کښے دا وائ چې مونږه به بیا هم کوؤ،او بیا به هم کوؤ۔ او دومره حد پورے خبرې چه د باچا خان مجسمه به مونږه نړؤو۔د باچا خان مجسمه نه ده،هغه فوټو دے۔که هغه فوټو هغوې نوړوی نو بیا د قائداعظم صاحب فوټو هم په کنګهم پارک کښې لګیدلے دے ،بیا د هغه هم ختم کړی۔بیا دلته کښې په فورټ روډ باندې د جنرل بخت جهان پوره بت جوړ شوې دے پکار ده چې هغه د لرے کړی۔۔۔

(قطع کلامی)

محترمہ رفعت اکبر سواتی: محترم سپیکر صاحب! ۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز، پلیز۔

جناب بشیر احمد بلور: سر!داسې خبرو سره، د طالبان طرز حکومت پورې خدائے رسول ته اوګورئ،دا صوبه مه بوځئ۔حکومت ته خپله Law and Order Situation create کوی او بیا د ا وائ چې مونږه به دا کوؤ۔ نو مونږ داسې پوښتانه نه یو؟مونږ لاسونه نه لرو؟ قرآن وائ چې "العین بالعین"۔دوئ زما دے د باچا

خان فوټو ته لاس یوسی نو په دې صوبه کښې به بیا مونږ په آرام ناست یو؟ ولے دلته کښې سول وار جوړول غواړي؟ ولے دلته کښې علاقه هسې خرابول غواړي؟ پکار دادی چې د خدائے د پاره، چیف منسټر صاحب پخپله ناست دے او دا خبره ئے د هغوې موجودګئ کښې په دې اوکړه چې دوئ له پکار دی چې خپل خلق دے کنټرول کړی چې لا اینډ آرډر سیچویشن۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> صحیح ده۔ صحیح ده۔

<u>جناب بشیر احمد بلور:</u> او بیا هغه په پریس کانفرنس کښې دومره ډهټائی سره وائ چې زهٔ بیا به هم کومه۔ نو پکار ده چې په دی باندې د حکومت سخت ایکشن واخلی۔ که وانه خلی نو بیا مونږه پخپله، بیا مونږه هم آزاد یو او دوئ هم آزاد دی۔ بیا مونږه پوهه شه، خدائے پوهه شه او دوئ پوهه شه۔

<u>محترمه رفعت اکبر سواتی:</u> جی مسٹر سپیکر!۔۔۔

<u>جناب سکندر حیات خان:</u> جناب سپیکر! د بشیر خان د خبرې سره زهٔ هم دا خبره کومه چې جناب سپیکر، دا خو حالات خرابولو طرف ته خبره روانه ده که دا سسټم یو ځل شروع شولو نو دا خو به Law and Order خو پریږدئ، "انارکی" طرف ته به راوان شې۔ هرے پارټئ سره ورکران شته دے۔ او که هم دے طریقې سره خپله Manifesto Implement کولو دا طریقه اختیار کوی نو بیا د هر پارټئ دلته کښې، د اپوزیشن د پارټو هم ورکران شته دے هغوې به هم بیا راوځی۔ بیا به یو بله سلسله شروع شې او مونږه به "انارکی" طرف ته روان شو۔ د خدائے د پاره دا صوبه چې ده، د دې طریقه کار د قانون مطابق، هغه طریقې دوئ سره شته دے خو ولے داسې کار کوی؟ دا خو دوئ پخپله بیانونه ورکوی چې زمونږه د طالبانو سټائل حکومت نه دے او بیا کارونه هم هغه شان کوی لګیا دی۔ جناب سپیکر! دا ډیره د افسوس خبره ده۔۔

(تالیاں/ قطع کلامی)

<u>Ms. Rifat Akbar Swati:</u> Mr. Honourable Speaker sir.

<u>جناب سکندر حیات خان:</u> په دې باندې مونږه دا ډیمانډ کوؤ چې پکار ده چې د هغې خلقو خلاف ایف آئی آر درج کړې شې چه قانون ئے په لاس کښې اغستې دے۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب۔ عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: سر! میں آپ کا مشکور ہوں۔

(قطع کلامی)

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! آپ اس طرف بھی تھوڑی توجہ دے دیں۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جس طرح بشیر بلور صاحب اور سکندر خان نے اس کی طرف توجہ دلائی، جناب سپیکر اگر یہ سائن بورڈز غیر قانونی ہیں تو پھر یہ تھے کیوں؟ اور اگر قانونی ہیں تو ہٹانے والے نے کیا غیر قانونی حرکت نہیں کی؟ اگر ان بورڈوں کو لگانے کی اجازت دی گئی تھی جن کے یہ بورڈ تھے اور انہوں نے یہ بورڈ اجازت سے اور قانونی طور پر لگائے ہیں تو پھر میرے خیال میں جنہوں نے ان کو ہٹایا ہے انہوں نے غیر قانونی حرکت کی ہے اور ہمیں پتہ لگا ہے کہ پولیس کی موجودگی میں یہ حرکت ہوئی ہے تو کیا قانون نافذ کرنے والے ادارے اتنے بے حس ہو گئے کہ ان کو پتہ ہے کہ ایک قانونی چیز کو ہٹایا جارہا ہے او یہ اس کو دیکھ رہے ہیں۔ ہاں اگر کوئی Spontaneous چیز ہوتی اور پولیس نہ ہوتی تو پھر بھی ہم کہہ سکتے تھے۔ لیکن وہ تو ان کی موجودگی میں ان بورڈوں کو ہٹایا گیا۔ اگر آج اس چیز پر کوئی ایکشن نہیں لیا گیا تو جناب سپیکر، Then will be no end to it یہ تو آج سائن بورڈز پر ہوا، کل جس طرح بشیر خان نے کہا کہ ان کے لیڈر کے فوٹو پر ہوگا، کل کسی اور پر ہو سکتا ہے۔ پھر There will be no end to it جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی۔ مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: میں اس بات کی سپورٹ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ یہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے بورڈ تھے جو کہ ایک ایگریمنٹ کے تحت یہاں پر آویزاں تھے اور جیسے بشیر بلور صاحب نے اور سارے ساتھیوں نے، عبدالاکبر خان صاحب نے بات کی یہ بڑا قابل مذمت فعل ہے کہ جس کے پاس طاقت ہو، ڈنڈا لے کے روڈ پہ نکلے اور جو سامنے آئے، اس کو پامال کر دے، یہ نہ جمہوریت کا تقاضا ہے اور نہ انصاف کے قرین بات ہے۔ اگر یہی بات صوبے کی انتظامیہ ان کمپنیوں کو بلا لیتی اور انہیں کہہ دیتی کہ آپ اپنے بورڈ اتار لیں اور اس کی جگہ آپ قرآنی آیات پر مبنی بورڈ لگا دیں کیونکہ ہمارا کلچر اس کی اجازت نہیں دیتا تو میں سمجھتا ہوں

کہ اس طرح یہ بورڈ توڑنے سے ان کمپنیوں کا بھی کروڑوں روپے کا نقصان ہوا،اور ہماری پراونشل گورنمنٹ کو بھی تقریباً ایک کروڑ روپے کا نقصان ہوااور جو باہر Massage گیا،وہ جو لوگ اس صوبے میں آکے Investment کرنا چاہتے تھے، یہاں سے غربت ختم ہوتی، یہاں سے بے روزگاری ختم ہوتی، صوبہ ہمارا ترقی کی جانب گامزن ہوتا۔اب وہ کمپنیاں صوبہ سرحد کی طرف آنے سے گھبرائیں گی کہ یہاں پر توڈنڈے کا زور ہے اور "جس کی لاٹھی اس کی بھینس" ہے، لاقانونیت کا یہ عالم ہو کہ پولیس کی سربراہی میں، جناب والا،افسوس ناک بات یہ ہے کہ پولیس موجود تھی،اس کی موجودگی میں یہ کارروائی کی گئی اور کسی کے خلاف، نامعلوم ملزموں کے خلاف بھی اگر ایف آئی آر درج ہو جاتی تو بھی کوئی بات ہوتی۔ ہماری آپ سے یہ گزارش ہے کہ صوبے میں Law and Order situation کو Maintain کیا جائے تاکہ اس صوبے میں ترقی کا دور دورہ ہو۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

جناب انور کمال خان: جناب! مجھے ایک سیکنڈ کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر سلیم صاحب۔

ڈاکٹر محمد سلیم: جناب سپیکر صاحب! (قطع کلامی)

جناب انور کمال: زۂ د رے ځله پا سیدمه۔

جناب سپیکر: انور کمال خان د دې نه روستو۔ جی۔

ڈاکٹر محمد سلیم: جناب سپیکر صاحب! اوس چې مونږه اسمبلئ ته د ننه راتلو نو په یو ډیر لوئے تعداد کښې Students چې په هغې کښې هلکان هم وو او په هغې کښې جینکئ هم وے، جمع وو او احتجاج ئے په دې کولو چه د Final year Exams ئے ورکړے وو۔

(شور)

جناب بشیر احمد بلور: چې د سائن بورډ زدا خبره ختم شې نو۔د سائن بورډ ز خبره اوکړه۔

جناب سپیکر: پلیز آرڈر، پلیز آرڈر۔ آرڈر۔ آرڈر پلیز۔

ڈاکٹر محمد سلیم: دا زما نه مخکښې بشیر بلور صاحب او نورو معزز اراکینو دا خبره اوکړه چې یره کسان را جمع شو،چوکونو ته راغلل، سائن بورډز ئے مات کړل،راوے غورزول نو زهٔ داخبره کومه چه دا سائن بورډز په ښه طریقه باندې هم راکوزیدې شو۔ حکومت سره ښه ډیر خلق دی، ښه په طریقه باندې به تلی وو،سائن بورډز به ئے راکوز کړی وو،خپلو محکمو ته به ئے حواله کړی وو ښه په طریقه باندې او دا به ئے ورته هدایات کړی وو چې آئنده دا قسم سائن بورډز تاسو مه لګوئ ښه ښکلی سائن بورډز چه هغه زمونږه دے صوبے ته قا بل قبول وی ولے چې مونږه پښتانه،هسې خو ټول مسلمانان په اسلام باندې مئین دی خو مونږه پښتانه لږ په اسلام ځان ډیر مئین حسابوؤ۔نو دا مهربانی د دا کمپنئ اوکړی،ښکلی سائن بورډز ا اسلام مطابق د جوړ کړی،هغه د چوکونو کښې اولګوی۔نو دا کوم حرکت چه شوے دے نو بهرحال زهٔ د ایم ایم اے حمایت کومه په هر څه کښې خو دا یو خبره ده چه دا کار ښه نه دے شوې۔

جناب سپیکر: انور کمال خان۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جناب سپیکر،پلیز۔

جناب سپیکر: انور کمال خان۔

جناب انور کمال خان: مہربانی،جناب شکریہ۔میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: دے رہا ہوں،دے رہا ہوں۔

جناب انور کمال خان: جیسا کہ ہمارے دیگر بھائیوں نے اس ایکشن کی مذمت کی ہے،میرے خیال میں اس چیز کا احساس ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کو بھی ضرور ہوگا اور ان سے اسی سلسلے میں بات بھی ہوئی تھی اور انہوں نے خود بھی اس ایکشن پر جو کہ چند ہمارے لوگوں نے ان سائن بورڈز کو توڑتے ہوئے، قانون کو ہاتھ میں لیا تھا میرے خیال میں اسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔اس سے جہاں پر کاروباری طبقے میں بے چینی پائی جاتی ہے تو مجھے اس چیز کا بھی احساس ہے کہ اس طریقے سے کام کرنے سے حکومت کے لئے بھی بدنامی ہے۔تو جہاں آپ کے پاس پولیس فورس موجود ہے،ہمیں کسی کو بھی اجازت نہیں دینی چاہیئے کہ

کوئی قانون کو اپنے ہاتھ میں لیکر ایسے اقدامات کرے جیسے کہ میرے بھائیوں نے فرمایا کہ ہمارے صوبے کی اپنی روایات ہیں، اپنے Customs ہیں، اپنے Traditions ہیں، یہاں پر جو بھی کام آپ شرعی لحاظ سے، آپ جسے اچھا سمجھتے ہیں، وہ ہم بھی اچھا سمجھتے ہیں، جسے آپ برا سمجھتے ہیں، اسے ہم بھی برا سمجھتے ہیں، اس میں کوئی بھی اختلاف نہیں ہوگا کہ کوئی کہے کہ جی اس صوبے میں بے حیائی نہیں ہونی چاہیئے ہم بھی کہتے ہیں کہ جی بے حیائی نہیں ہونی چاہیئے لیکن قانون کو ہاتھ میں لینے کی کسی کو بھی اجازت نہیں ہوگی۔ میں آپ کی وساطت سے چونکہ چیف منسٹر صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں اور میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ جنہوں نے بھی یہ کام کیا ہے۔ ہم اخبارات میں دیکھ رہے ہیں کہ آئے دن، وہ ابھی بھی دھمکیاں دے رہے ہیں کہ اگر انکو ایک موقع کی نزاکت کی وجہ سے روکا گیا ہے، انہوں نے کہا ہے کہ مزید اگر اس میں حکومت نے کوئی قدم نہیں اٹھایا تو شاید وہ کل پھر قانون کو ہاتھ میں لیں گے تو اس سے اور مشکلات حکومت کے لئے بنے گی تو طریقہ کار یہ ہے کہ جہاں حکومت کو اس چیز کا احساس ہے کہ ہمیں قانون کو ہاتھ میں نہیں لینا چاہیئے وہاں پر یہ عملاً ثبوت اس کا دکھائیں کہ جنہوں نے بھی یہ کام کیا ہے، ان کے خلاف ایف آئی آر کٹے اور انکے خلاف قانونی کاروائی کی جائے تاکہ لوگوں کو پتہ چل سکے کہ آئندہ اس صوبے میں کسی فرد کو بھی یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ قانون کو اپنے ہاتھ میں لے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب شاہ راز خان: جناب سپیکر۔

سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: رفعت اکبر سواتی صاحبہ۔ اس کے بعد آپ کو موقع دونگا۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جناب سپیکر صاحب! بڑی مہربانی آپ کی۔ ویسے تو ہاؤس کے فلور پر لاء اینڈ آرڈر کی Situation پر بہت سی باتیں ہو چکی ہیں، میں انکو Repeat کرنا نہیں چاہتی لیکن میری ایک گزارش ہے چیف منسٹر صاحب سے کہ یہ جتنے بھی صوبے کو نقصانات ہوئے ہیں، اس کے لئے دوبارہ سے Revenue کہاں سے Generate ہوگا؟ اور دوسری بات یہ ہے کہ اتنی زیادہ Unemployment ہے اس صوبے میں اور آپ کو پتہ ہے کہ اس کے ساتھ بھی کاروبار اور لوگوں کا روزگار جڑا ہوا ہے، تو جب یہ اتنے نقصانات ہونگے، تو

اتنے لوگوں کا کاروبار بھی تو ختم ہوتا ہے۔انکا روزگار بھی ختم ہوتا ہے۔ تو میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ ہم خواتین بھی یہی چاہتی ہیں کہ صوبے میں کسی قسم کی غلط بات یا بے حرمتی والی بات یا عریانی والی بات یا خواتین کے سلسلے میں انکو بے عزتی کے روپ میں پیش کرنے سے ہم بھی چاہتے ہیں کہ ان کو بند کیا جائے۔اس میں ہماری عزت نہیں ہے، ہم خواتین چاہتی ہیں کہ ہمیں ایک اچھے رنگ میں (تالیاں) ایک اچھے رنگ میں ایک اچھے روپ میں پیش کیا جائے۔ چونکہ بزنس کے کچھ تقاضے ہیں، کچھ سلسلے ہیں اور اس کے لئے ہم سے پہلے جو حکومتیں آئی ہیں اور جو ہماری ڈسٹرکٹس گورنمنٹ ہیں، انکی اجازت سے یہ سب کچھ ہوا ہے۔ ایک تو بڑی Important بات یہ ہے۔ دوسرا میں آپ سے یہ گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ جب سے اسمبلی سیشن شروع ہوا ہے، میں ایک کال اٹنشن اور ایڈجرنمنٹ موشن لا چکی ہوں اور سر، میں آپ کو بار بار کہہ رہی ہوں کہ کمیٹی بن چکی ہے۔آپ کیا چاہتے ہیں کہ ہمارے بچوں کو آپ Poison پلائیں؟ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: اس پر بات ہو گی ان شاءاللہ۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: For God sake, please time گزر رہا ہے جون کا مہینہ End ہو رہا ہے۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: پلیز، پلیز

محترمہ رفعت اکبر سواتی: آپ پلیز اس کمیٹی سے، آپ حکم کیجئے، خدا کے لئے تاکہ اس مسئلے کا کوئی حل نکل آئے۔

جناب سپیکر: وہ Proper time پر آئے گا۔ Proper time پر آئے گا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اس پر بات ہو چکی ہے اور ابھی تک کمیٹی تشکیل نہیں دی ہے جی۔

جناب سپیکر: تشریف رکھیں بس

محترمہ نعیمہ اختر: جناب سپیکر! انور کمال صاحب نے بات کی، ہمیں اس سے اتفاق ہے کہ قانون ہاتھ میں نہیں لینا چاہیئے لیکن ہمارے ایک اور معزز ساتھی نے کہا کہ اس سے صوبے میں Revenue

generate ہوگا اور صوبے کو ترقی ہوگی تو کیا صوبے کی ترقی صرف ان باتوں سے ہوگی کہ ہم اپنی ماں اور بہنوں کی تصویریں چوراہوں پر لگائیں؟

(تالیاں)

محترمہ رفعت اکبر سواتی: لیکن قانون کو اپنے ہاتھ میں نہ لیا جائے۔(مداخلت)۔

Mr. Speaker: Please, she is already on the Floor.

محترمہ نعیمہ اختر: ہم یہ نہیں کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے صحیح کیا ہے، ان کے خلاف ایف آئی آر کاٹنی چاہیئے۔ یہ غلط بات ہے، پولیس اس کے لئے ہے (تالیاں) لیکن، لیکن بعض کام ایسے ہوتے ہیں کہ وہ ہاتھ میں لیں گے تو اسکا کچھ اثر ہوگا۔ آپ دیکھ لیں، دو دن نہیں ہوئے اس پر "الرحمان" اور "الرحیم" کے سائن بورڈ لگ گئے۔ یہ چھ مہینے سے ہم کہہ رہے ہیں کہ انکو ہٹاؤ، ہمارے اپوزیشن کے بھائی نے بھی اس پر قرارداد لائی، وہ قرارداد پاس ہوئی لیکن اس پر کوئی کام نہیں ہوا۔ جس طرح یہ کٹ گئے دو تین دن، کے اندر اندر "الرحمان" اور "الرحیم" کے سائن بورڈ لگے۔ تو ہم کبھی یہ نہیں چاہیں گے کہ اس انداز میں یعنی خواتین اور یہ خواتین کون ہیں؟ یہ بھی ہماری مائیں اور بہنیں ہیں جنہوں نے یہ لگائے، یہ فارن کی وہ جو کمپنیاں ہیں، یہ تصویریں تو ادھر سے نہیں آئیں، ہماری ماؤں اور بہنوں کی تصویریں ہیں اور وہ بھی ہماری ہی عزت ہیں۔ ہمارے ملک کی خواتین ہیں تو کیا انکی تصویریں چوراہوں پر لگا کر ہمیں روزی کمانی ہے؟

محترمہ یاسمین خان: سر! بھارت ایک غیر اسلامی ملک ہے، وہاں آئے دن فحاشی کے خلاف مظاہرے ہوتے ہیں اور لوگوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز! مائیک آن کریں۔

محترمہ یاسمین خان: سر! بھارت ایک غیر اسلامی ملک ہے، وہاں آئے دن فحاشی کے خلاف مظاہرے ہو رہے ہیں لیکن وہاں کوئی بھی برا نہیں مانتا اس بات کا ہم اسلامی جمہوریہ پاکستان اپنے آپ کو کہتے ہیں، ہم اسلامی ملک میں رہتے ہیں اور جب ہمارے ہاں فحش تصویر لگتی ہے تو اسکے خلاف واویلا مچایا جاتا ہے۔ اس کے خلاف آپ لوگ اتنا ناراض ہوتے ہیں کیا اللہ اور اللہ کے رسول نے ہمیں یہی حکم دیا ہے کہ ہم اپنی ماؤں اور بہنوں کی تصویریں چوراہوں پر اور دوراہوں پر لگائیں؟ کیا آپ کے دل اور آپ کے دماغ اس بات کی اجازت دیتے ہیں؟ بتائیں اس سوال کا جواب دیجئے۔

محترمہ زبیدہ خاتون: مسٹر سپیکر سر!

جناب سپیکر: جی زبیدہ خاتون صاحبہ۔

محترمہ زبیدہ خاتون: جناب سپیکر سر! یہ فحش، عریاں تصاویر جو ہیں ان کی وجہ سے خواتین کی عزت اور وقار کو مجروح کیا جارہا ہے اور جس طریقے سے عورت کو اشتہار کا ذریعہ بنایا جارہا ہے تو Naturally اس کا Reaction یہی ہوتا جو کچھ ہوا ہے اور اگر ترقی عورتوں کے اشتہارات کی وجہ سے ہوتی ہے تو ہمیں ایسی ترقی نہیں چاہیئے۔ شکریہ۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: سر! وہ K.F.C کی تصویر پر تو داڑھی والا آدمی ہے اس کو کیوں ہٹایا گیا ہے؟ K.F.C کی تصویر پر تو داڑھی والا آدمی تھا، اس کو کیوں ہٹایا آپ نے؟

(تالیاں)

ڈاکٹر سیمین محمود جان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی سیمین محمود جان صاحبہ۔

(شور)

قاری محمد عبداللہ: پوائنٹ آف آرڈر۔

Mr. Speaker: Please order.

قاری محمد عبداللہ: رسول اکرم ﷺ نے فرمایا۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: قاری عبداللہ صاحب پلیز، بیٹھ جائیں آپ۔ آپ بیٹھ جائیں سیمین محمود جان صاحبہ۔

ڈاکٹر سیمیں محمود جان: جناب سپیکر صاحب! ہمارے پارلیمنٹری لیڈر مشتاق غنی صاحب جیسے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: تو اس پر کافی بات ہوگئی ہے۔ اب میں حکومت سے پوچھتا ہوں۔۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

قاری محمد عبداللہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: بس ملک ظفر اعظم صاحب۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

جناب سپیکر صاحب! میں عبدالاکبر خان، مشتاق غنی، بشیر بلور صاحب، انور کمال صاحب اور محترم خواتین ممبران کے جذبات کی قدر کرتا ہوں۔ اس سلسلے میں آپ کو یاد ہوگا کہ ایک دفعہ پہلے جب جلوس نکلا تھا میری طرف سے اس پر کافی سخت Reaction آیا تھا جبکہ دوسری دفعہ جب یہ Agitation ہو رہا تھا تو ہمیں یہ یقین دلایا گیا تھا کہ یہ Agitation نہیں ہوگی لیکن کچھ ورکروں نے نکل کر وہ سائن بورڈز توڑے ہیں۔ میں On the Floor of the House اس بات کا اعتراف کرتا ہوں کہ انہوں نے غلط کام کیا ہے اور ہم نے انکے خلاف Byname ایف آئی آر کاٹی ہے (تالیاں) اور میں اس ہاؤس کو یہ یقین بھی دلانا چاہتا ہوں کہ اس کو ہم انا کا مسئلہ نہیں بناتے کہ یہ ہمارا مسئلہ ہے یا ان کا مسئلہ ہے۔ قانون ان کا بھی ہے اور ہمارا بھی ہے جب تک ہمارے ذمے یہ ذمہ داری ہے، ہم قانون کی مکمل پاسداری کریں گے اور اس میں خواہ میرا بھائی ہو، خواہ بشیر بلور کا بھائی ہو، خواہ مشتاق غنی کا باپ، بھائی ہو، کسی کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں ہوگی (تالیاں) میں، آپ کو یہ بھی بتاتا چلوں کہ اس ایکشن کے خلاف ہمارے چیف منسٹر صاحب کا جو Reaction تھا انہوں نے صاف صاف الفاظ میں ان لوگوں کو کہا کہ بھائی، آج تو ہمیں بے خبر رکھ کر آپ نے جلوس نکالا اور سائن بورڈز توڑ ڈالے، برائے مہربانی اگلے دن آپ مجھے اطلاع کر کے جلوس نکالیں پھر دیکھتے ہیں کہ آپ کس طرح سائن بورڈز توڑتے ہیں؟ (تالیاں) ایک اور ضروری بات میں اگر یہاں بیان نہ کروں تو یہ زیادتی ہوگی، وہ یہ کہ بحیثیت مسلمان، بحیثیت پختون اور اس صوبے کی Cream کی حیثیت سے ہم یہاں پر بیٹھے ہیں، اس قوم کی عزت، آبرو اور غیرت یہ سب کچھ ہمارا ہے۔ اس کے تحفظ اور رکھوالی کی ذمہ داری خداوند پاک نے ہمیں سونپی ہے۔ اگر آپ لوگ اسی طرح تصاویر اور اس طرح جس میں عورت کا استحصال ہوا ہو اور اس میں آپ ہمارا ساتھ نہ دیں، ہم کبھی بھی یہ نہیں چاہتے ہیں کہ ہم جا کر ملٹی نیشنل کمپنیوں کی یا اور کسی کی دل آزاری کریں۔ سینئر منسٹر کی Statement سے واضح ہے کہ انہوں ملٹی نیشنل کمپنیوں کو دعوت دی تھی کہ آئیں اور ہم بیٹھ کر اسکا کوئی حل نکالیں۔ جسکی ایک مثال میں اس ہاؤس کو بتانا چاہتا ہوں کہ انہوں نے، جب ایئرپورٹ کے ساتھ تمبوانو چوک کے ساتھ پہلا جو سائن بورڈ ہے، اس پر انہوں نے لکھائی شروع کی تھی "الرحمان" یہ ہماری بات

چیت کے نتیجے میں تھی۔ جبکہ ہماری دوسری ذمہ دار شخصیت، قابل احترام سردار ادریس صاحب نے آج بھیOn record موجود ہے کہ پہلی دفعہ جبAgitation ہوا تھاتو انہوں نے اس کی مذمت کی تھی اور یہی بات کی تھی کہ ہم ان کے ساتھ بات چیت کر رہے ہیں اور ان شاءاللہ وہ اس پر راضی ہو جائیں گے کہ ایسی تصاویر ہٹا کر ایسے الفاظ لائیں گے جس سے اسلام اور جس سے ہماری "پختون ولی" کا اظہار ہو۔ اسی طرح آپ کو میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ کل ڈسٹرکٹ ہنگو میں ہمارے ایک سرکاری اہلکار نے یہ بتایا ہے کہ مجھے ایک ایم پے اے نے زدوکوب کیا ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ ہم اپنے ایم پی اے کو بھی نہیں بخشیں گے اگر اس نے کوئی غلطی کی ہے اور قانون کو ہاتھ میں لیا ہو (تالیاں) اور ہم نے اسکے خلاف بھی ایکشن لیا ہوا ہے لیکن آخر میں میں اس سب ہاؤس سے یہ گزارش کرونگا کہ، مجھے تو اس میں کوئی عار محسوس نہیں ہوتا اگر آپ کی Personality بنتی ہے تو ہمیں تو کوئی اعتراض نہیں ہے، میرے بھانجے (قہقہے) آخر میں، میں یہ التماس کرتا ہوں سارے ہاؤس سے خواہ وہ اس طرف کی بینچز پر ہیں، خواہ وہ اس طرف کی بینچز پر ہیں، خواہ مرد ہیں، خواہ خواتین ہیں اوپر گیلری میں جو بیٹھے ہیں صوبہ سرحد کے عوام کی نظریں ان سب پر جو گیلری میں نیچے اپوزیشن اور اقتدار میں جو بیٹھے ہوئے ہیں۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ موبائل کی آواز کہاں سے آرہی ہے؟ میں حکم دیتا ہوں کہ جس کسی کے پاس سے موبائل کی آواز سنائی دے تو میں عملے سے کہتا ہوں کہ وہ ضبط کرلے۔ ان شاءاللہ اس کے بعد ضبط ہو گا۔

(شور)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> دا جبل مولانا سره دے۔

<u>جناب سپیکر:</u> بس میں نے آرڈر دے دیا کہ ضبط کرلیں۔

(قہقہے)

<u>وزیر قانون:</u> تو میں اس ہاؤس سے اور اپنے بھائیوں سے اپیل کرتا ہوں کہ اصلاح معاشرہ کے لئے ہمارے ان درویشوں کے ہاتھ مضبوط کئے جائیں اور ان شاءاللہ تعالیٰ جس طرح آج کی جائز بات کو ہم جائز مانتے ہیں، انشاءاللہ ہر ایک مقام پر اور ہر ایک سٹیج پر ہم ان کو یقین دلاتے ہیں کہ جائز اور حق کو ہم حق کہیں گے اور قانون کی بالادستی قائم رکھنے کے لئے ہم اپنی حکومت کو بھی داؤ پر لگانے کے لئے تیار ہیں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جناب بشیر احمد بلور صاحب!

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر! ستاسو هم ډیر زیات مشکور یو او ورسره دوزیر صاحب، چیف منسټر صاحب اؤ سینیئر منسټر صاحب، دټریژری بینچونو، د ټولو ډیر زیات مشکور یو او ډیره مننه کوؤ چې مونږه دا خبره کوو چې د چیف منسټر صاحب هم مشکور یو، دوئ مخکښې هم دا خبره مونږ سره کړې وه چې په دې باندې سخت ایکشن مو اخستې دے خو مونږه دا وئیل چې لږه په دې فلور آف دی هاؤس داخبره اوشې نو دا به لږه Authentic خبره وی۔ داسې مونږه ددوئ مشکور یو چې دوئ دا ایکشن اخلی۔ اؤ مونږ ه دوئ سره هر قسم Cooperation کولو دپاره تیار یو۔

جناب سپیکر: ډیره مهربانی۔ آنریبل منسٹر فار ہیلتھ! گندھارا کے بارے میں جو باہر مسئلہ ہے،اس کے بارے میں کیاصورتحال ہے؟ مولانا حقانی صاحب۔

مولانا امان اللہ حقانی: چونکه د دې کالج چې کوم پرنسپل دے ډاکټر کبیر صاحب، نو په دې هم پکار داده چې د هغوې نه هم تحقیقات اوشي ځکه هغوې هلکان راوستی دی اؤ هلکانو پیسې ضائع کړی دی۔ نو په دې کښې هغوې راغوستل پکاردی چې هغوې سره پوره خبره اوشې۔

جناب سپیکر: جناب سلیم صاحب!

ڈاکٹر محمد سلیم: د دې گندهارا میډیکل کالج باره کښې یو دوه خبرې زۀ هم کومه۔

جناب سپیکر: جی ڈاکٹر سلیم صاحب!

ڈاکٹر محمد سلیم: خبره داسې ده جی چې داخل هلکانو د Final year Exams ورکړو، هغوې له ئے ډګرئ ورکړې خو هغه ګورې صرف کاغذونه دی ولے چې د پی۔ایم۔ډی۔سی نه رجسټرډ شوې نه دے او زۀ حیران دا یمه چه پروسکال او د هغې نه مخکښې کال چې کوم Examine شوی وو، هغه Students راوتی دی، باقاعده هاؤس جاب ئے کړے دے۔په هغه وخت کښې رجسټرډ وو اؤ دوه درے کاله پس اوس بیا رجسټرډ نه دے نو زۀ وایم چې د پی۔ایم۔ډی سی سره د هم دا

خبره اوکړی او د کلاج د پرنسپل نه د هم دا تپوس اوکړے شی چه آخر بهائ دا څه وجه ده؟فیس خو دوه نیم لکهه اور درے لکهه هرکال د هلک نه اخلے ،دومره په گرانه باندې خلقو له تعلیم ورکوے او دا انتظام نه شې کولے چه دا کالج دے رجسټرډ شې؟ نو دا ذمه داری یوازے د PMDC نه ده PMDC نه زیاته ذمه داری د دغه کالج د پرنسپل،ایډمنسټریشن اؤ د کالج د مشرده۔دوه نیم لکهه،زما دوه رونړه پکښې سبق وائ۔زمکې مے خرڅے کړی دی اؤ دوه نیم،دوه نیم لکهه فیس مے د یو یو کس داخل کړے دے نو دوه نیم لکهه روپئ زمونږ دغریبانو د پاره ډیر غټ څیز دے په کراچئ کښې-/1,75,000روپئ فیس دے ا و صوبه سرحد،دابه د کراچئ نه ډیره زیاته مالداره صوبه وی چه دلته کښې دوه نیم لکهه روپئ فیس دے۔نوفیس د هم دومره ډیر اخلی او د کالج د Recognition انتظام د نه کوی،درجسټریشن انتظام د نه کوی نو زیاته ذمه داری دکالج په ایډمنسټریشن باندې ده۔ او بس بیا آسانه خبره ده،هلکانو ته وایئ چه ورشئ اؤ د اسمبلئ مخکښې اودریږئ۔نوزمونږه همدردئ د Students سره دی خو د Students سره د همدردئ نه علاوه د دغې ایډمنسټریشن نه هم تپوس پکار دے او بل تپوس ترے دا هم پکار دے چه میډیکل کالجونه چې کوم فیس اخلی دهغې نه د دوئ څلویښت،پنځوس زره کم فیس اخلی ولے چې زمونږ صوبه گورے ډیره غریبه ده۔

<u>جناب سپیکر:</u> مختیار علی صاحب۔

<u>جناب مختیار علی:</u> شکریه،سپیکر صاحب۔څنګه چه ډاکټر صاحب خبره اوکړه، دغسې بهر یو بل وفد چې صوابئ سره ئے تعلق دے ،هم راغلې دے ، دتمباکو په باره کښې راغلې دے چه کوم دوه روپئ Per KG کوم ټیکس لګیدلے دے چې هغوې دا خبره کوی چې مخکښې هم زمونږه د دې صوبے نه د تمباکو د Excise duty په شکل کښې چه په اربونو روپئ سنټر ته ځی نو په هغې باندې هم داسې څه Developmental کارونه نه دی شوې نو دا دوه روپئ کوم Per KG چې ضلع نه کوم ټیکس لګی نو دا سراسرنا انصافی اور زیاتے دے۔ په دې باندې دے خبره اوکړے شی۔

<u>Mr. Speaker:</u> Minister for Health.

جناب محمد آمین: سپیکر صاحب! د سیدو کالج چې کومه مسئله ده،زمونږ د سیدو میډیکل کالج-----

(مداخلت)

Mr. Speaker: Minister for Health. Honourable Minister for Health.

جناب محمد آمین: نه جی، زما خبره هم واورئ کنه د میډیکل کالج په حواله سره،یوه میاشت اوشوه چه سیدو میډیکل کالج اؤ ګومل میډیکل کالج ته هم دا مسئله راپیښه ده۔ د یوے میاشتے نه د سیدو میډیکل کاج سټوډنټس په سټرائیک باندې دی۔ د هغوې سره هم دا وعده شوې وه چه یره مونږه به میاشت کښې دننه دننه د دوئ د Recognition مسئله به حل کوؤ۔تر دے وخته پورے په هغې کښې هیڅ قسمه پیش رفت او نه شو۔ زهٔ دا ګزارش کومه چه آنریبل منسټر د په دې باندے رنړا اوغور څوی۔

Mr. Speaker: Honourable Minister for Health.

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔پہلے تو سیدو اور گومل میڈیکل کالج کے بارے میں کچھ وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔یہ حقیقت ہے کہ ہم نے ان کے ساتھ وعدہ بھی کیا تھا۔اس کے لئے ہم نے ایک کمیٹی بھی تشکیل دی تھی اوران کمیٹیوں کی Recommendations بھی سامنے آئی ہیں اور میں آنریبل ممبر سے بڑے ادب کے ساتھ یہ اختلاف کرکے فلور آف دی ہاؤس پر یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ بالکل غلط ہے کہ ہم نے اس میں کوئی Progress نہیں کی ہے ہم نے ان Recommendations پر عمل بھی شروع کیا ہے۔ گومل میڈیکل کالج میں انٹرویوز ہوئے ہیں اور سیدو میڈیکل کالج میں بھی ہوئے ہیں وہاں کے ٹیچنگ سٹاف-----

جناب سپیکر: اسی وجہ سے تو نسرین خٹک صاحبہ خاموش بیٹھی ہوئی ہیں۔

وزیر صحت: ان کے ٹیچنگ سٹاف کی ہم Recruitment کر رہے ہیں اور اللہ کا شکر ہے کہ لوگ وہاں پر Available ہیں۔ٹیچنگ سٹاف کا بنیادی مسئلہ تھا۔اس طرح ہم نے پی ایم ڈی سی سے رابطہ کیا۔پی یم ڈی سی والوں نے خود اتنی مہربانی کی کہ ہمیں انہوں نے یہ کہا کہ ہم ایک بندہ Visit سے پہلے بھیجیں گے اور خود آپ کو بتادے گا کہ کون کونسی Deficiencies ہیں---

جناب سپیکر: Deficiencies ہیں؟

وزیر صحت: جن کو آپ لوگوں نے پورا کرنا ہے۔ جہاں تک دوسرے پرائیویٹ میڈیکل کالج کا تعلق ہے تو حقیقت یہ ہے کہ پرائیویٹ سیکٹر کے سلسلے میں تو ہم کچھ کر نہیں سکتے ہیں لیکن بہر حال اس کے باوجود بھی اگر وہ باہر آئے ہیں، میں جا کر ان کی بات سنوں گا اور ہم Possibility Explore کریں گے کہ ہم کس طریقے سے ان کی مدد کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں اس کے لئے Regularity Authority یا کوئی اور چیز نہیں ہے قابو کرنے کے لئے؟

وزیر صحت: میں عرض کر رہا ہوں میں باہر جا کر ان کے ساتھ بیٹھونگا کہ کس طریقے سے میں انکی مدد کر سکتا ہوں؟ تو. I will go out of the way to help them.

جناب سپیکر: ٹھیک ہے Thank you next Item

جناب مختیار علی: پوائنٹ آف آرڈر۔

محترمہ امتیاز سلطان بخاری: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب پیر محمد خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

Mr. Speaker: Nasreen Khattak Sahiba is already on the floor of the House. Nasreen Khattak Sahiba.

جناب مختیار علی: جناب سپیکر صاحب! د دې ته ما تمباکو باره کښې، هغه مسئله ناست دے ، خلق جی مونږ ته وائ

جناب سپیکر: کال اټینشن نوټس راوړه، ایډجرنمنټ موشن راوړه۔

محترمہ امتیاز سلطان بخاری: جناب سپیکر صاحب! میں آپ سے یہ پوچھنا چاہونگی۔ میرا ایک-----

جناب سپیکر: نسرین خٹک صاحبہ، اس کے بعد-----

محترمہ نسرین خٹک: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ابھی ذکر ہوا ہے۔ Recognition of Gomal Medical College and Saidu Medical College کا، مختصر یہ کہ ایک روایت بن گئی ہے، روایت بن گئی ہے کہ جب بھی سٹوڈنٹس کو کوئی مسئلہ پیش ہوتا ہے تو وہ سڑکوں پر آجاتے ہیں۔ انکی دل

آزاری ہوتی ہے، انہیں تکلیف ہوتی ہے تو اس سلسلے میں بہت شکریہ کے ساتھ بلکہ شکریہ تو نہیں ادا کرنا چاہیئے، یہ بچوں کا حق ہے کہ گومل میڈیکل کالج اور سیدو میڈیکل کالج کی Recognition Committees میں ان کے چیئر مین حضرات کی وجہ سے بے انتہا پیش رفت ہوئی ہے۔ یہ بالکل ٹھیک بات ہے کہ Appointments کی حد تک بھی ہوا ہے۔ لیکن میں تھوڑا سا زیادہ Emphasize کرونگی خدارا تھوڑی سی اور پیش رفت کی جائے Construction میں، کیونکہ دو مہینے کے اندر اندر پی ایم ڈی سی کی ٹیم آئے گی لیکن ابھی تک جو اقدامات ہوئے ہیں۔ On the floor of the House. I would like to offer my heartiest congratulation to the committees and I am extremely satisfied. اب اگر گندھارا میڈیکل کالج کے بچوں نے بھی وہی Action اختیار کیا ہے، ان کا بھی حق ہے گو کہ وہ گورنمنٹ میڈیکل کالج کے نہیں ہیں لیکن اسی طریقے سے فراخدلی سے اقدامات اگر کئے جائیں جو کہ گورنمنٹ میڈیکل کالجز کے لئے کئے گئے ہیں تو ایک یکسانیت Uniformity in policy آجائے گی۔

جناب سپیکر: تھینک یو امتیاز سلطان بخاری صاحبہ!

محترمہ امتیاز سلطان بخاری: جناب! میں آپ سے پوچھنا چاہو نگی۔

جناب سپیکر: اسی سلسلے میں؟

محترمہ امتیاز سلطان بخاری: نہیں۔

جناب سپیکر: تو کس سلسلے میں؟ یا پھر کس رولز کے تحت؟

محترمہ امتیاز سلطان بخاری: آپ سے یہ بات پوچھنا چاہو نگی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مجھ سے یا حکومت سے؟

محترمہ امتیاز سلطان بخاری: وفاقی حکومت کے محکموں کو کیا اتنی کھلی چھٹی دی گئی ہے کہ وہ سرحد اسمبلی کے ممبران کو پریشان کریں، ہراساں کریں اور اس کا ثبوت میرے ہاتھ میں ہے۔ یہ وہ سوئی گیس کا بل ہے۔ جو اس مہینے ڈھائی لاکھ روپے ایک مہینے کا یہ بل آیا ہے۔ کیا میں نے اپنے گھر میں .C.N.G کھول رکھا ہے؟ (تالیاں) کیا میں نے اپنے گھر میں کارخانہ بنالیا ہے یہ وہ حیات آباد کا گھر ہے کہ اس میں ایک ہزار سے کم سوئی گیس کا بل آیا کرتا ہے اور اب یہ 20 تاریخ گزر چکی ہے اور یہ ڈھائی لاکھ روپے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اگر آپ قرارداد لائیں۔ اس سلسلے میں، کیونکہ یہ فیڈرل سبجیکٹ ہے تو کوئی قابو کرنے والا ادھر۔

(مداخلت)

محترمہ امتیاز سلطان بخاری: یہ استحقاق پوری اسمبلی کے ممبران کا استحقاق ہے۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: پھر آپ اس پر پریویلج موشن لے آئیں بس ٹھیک ہے۔

محترمہ امتیاز سلطان بخاری: جی ہاں۔

جناب سپیکر: مرید کاظم صاحب!

سید مرید کاظم: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میرے علاقے ڈیرا اسماعیل خان میں ایک ایکسیڈنٹ ہوا ہے جس میں پینتالیس آدمی جو کہ ایک بس میں سوار تھے اٹھائیس کو ابھی تک نکالا جا چکا ہے، اس میں سات اموات ہو چکی ہیں اور باقی زخمی ہیں اور ابھی تک وہاں پر کوئی صحیح کام نہیں ہو رہا ہے اور لوگ پریشان ہیں اور ان کو پتہ نہیں چل رہا ہے کہ یہ آدمی مر چکے ہیں یا کہیں چلے گئے ہیں؟ لیکن حکومت بالکل ٹس سے مس نہیں ہو رہی ہے۔ گورنمنٹ چونکہ بیٹھی ہے۔ کبھی ایک آدمی کے لئے اتنے انتظامات کر دیئے جاتے ہیں، جس کا میں نام نہیں لیتا لیکن غریبوں کے لئے کچھ نہیں کیا جاتا۔ چونکہ چیف منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہیں، سینیئر منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، مہربانی کرکے ڈی آئی خان کے لوگوں کے لئے ان پر رحم کیا جائے کیونکہ یہ اتنا بڑا سانحہ ہوا ہے۔ آج تک لوگ جلوس نکال رہے ہیں، لیکن کوئی ٹس سے مس نہیں ہو رہا ہے۔

Mr. Speaker: Thank you next.

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

## تحاریک التواء

Mr. Speaker: Maulana Muhammad Abdullah Bangash, MPA, to please move his Adjournment Motion No.158,in the House. Maulana Muhammad Abdullah bangash MPA, please.

قاری محمد عبداللہ: شکریہ جناب سپیکر!

جناب سپیکر: د دې نه روستو۔

جناب پیر محمد خان: زۂ دوہ درے ځله راپاڅیدمه۔

سید مرید کاظم: یہ گورنمنٹ والے مجھے یقین دہانی تو کرائیں۔

جناب پیر محمد خان: د دې لاء منسټر جواب چې دے نو هغې د دې Constitution خلاف جواب ورکړے دے۔جناب سپیکر صاحب،زۂ هغې باندې نظرثانی غواړمه۔

جناب سپیکر: د دې نه روستو۔

جناب پیر محمد خان: د کوم ایف۔آئی۔آر د درج کولو خبره ئے کړې ده نو دغه غیر اسلامی ده۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: مولانا عبداللہ بنگش۔مولانا عبداللہ بنگش صاحب، پلیز۔

قاری محمد عبداللہ: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔السلام علیکم! "جناب کی توجہ ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ہنگو تاٹل روڈ کی مرمت انتہائی ناقص میٹریل کے ساتھ ہو رہی ہے۔ یاد رہے کہ مذکورہ روڈ پنڈی کو پشاور تک ملانے والی واحد شاہراہ ہے۔ ہنگو تاٹل کرم کے لاکھوں عوام کی آمد ورفت اسی روڈ سے ہے۔ لہذا اس قدر اہم روڈ کو جس قدر سست رفتاری اور ناقص طریقہ اور غیر ذمہ دارانہ طریقہ سے مرمت کیا جارہا ہے، وہ افسوس ناک ہے۔ لہذا مہربانی کرکے اور ایوان کی کاروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے۔" جناب سپیکر! ڈسٹرکٹ ہنگو اور خصوصاً ہمارا حلقہ PF-43 ٹل یہ ایک ایسے سرحدی علاقے پر واقع ہے کہ جہاں پر علاج معالجے کی سہولیات کا بھی فقدان ہے، جہاں پر بہت سی ضروریات زندگی سے لوگ محروم ہیں۔ یقیناً ان کی اکثر ضروریات زندگی کا دارومدار پشاور شہر سے وابستہ ہے۔ علاج معالجے کے لئے لوگوں کو وہاں سے لایا جاتا ہے۔ روزمرہ زندگی کی ضروریات اور تجارتی لین دین کے لئے لوگ پشاور آتے جاتے ہیں۔ عرصہ دراز سے یہاں پر روڈ کی صورتحال ٹھیک نہیں تھی۔ گورنمنٹ کی کوششوں سے اس قدر تو ہوا کہ اس پر کام شروع ہو گیا۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ دو، تین مرتبہ اس پر گفتگو کرنے کے باوجود محکمہ تعمیرات متعلقہ ٹھیکیدار کو سدھارنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔

جناب سپیکر: مولانا عبداللہ بنگش صاحب! میرے خیال میں آپ نے ایڈ جرنمنٹ موشن میں ڈیٹیل کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ حکومت کو اس مسئلے کا احساس ہو گیا۔ میرے خیال میں حکومت کو سننے کا موقع دیتے ہیں۔ اگر ان کے جواب سے آپ مطمئن نہیں ہوئے تو مزید پھر۔۔۔۔۔

(مداخلت)

قاری محمد عبداللہ: متعلقہ ٹھیکیدار کو صرف متنبہ کیا جائے کہ دوآبہ شہر کے اندر اسی طریقہ سے سورزئی کے اندر، ان علاقوں کے اندر روڈ کا جو حصہ بن گیا ہے، اس میں بدستور کھڈے ہیں۔ اور وہ بدستور خراب ہیں۔ لہذا مہربانی فرما کر حکومت متعلقہ ٹھیکیدار کی توجہ اس طرف مبذول کرائے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Honourable Minister for Law and Parliamentary Affairs. Janab Malik Zafar Azam Sahib.

اور ساتھ ساتھ مرید کاظم صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے، اس کا بھی جواب دینا ہو گا جو ایکسیڈنٹ ہوا ہے۔

وزیر قانون: مرید کاظم صاحب نے جو مسئلہ ایکسیڈنٹ کا اٹھایا ہے۔ اور ایکسیڈنٹ کے متعلق جو پوائنٹس انہوں نے اٹھائے ہیں، یہ تو ہر انسان کا ایک فریضہ بنتا ہے اور گورنمنٹ کا تو خاص کر، میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم ان شاءاللہ ہم، ویسے ہمیں تو تسلی ہوئی تھی کہ امدادی کام شروع ہے اور اگر ان کو شکایت ہے تو چیف منسٹر صاحب، شکر الحمدللہ اسی ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں، ابھی تو ان کے نوٹس میں بھی آگیا ہے اور ان کا توڈویژن ہے اگر اب نہیں ہے تو پہلے تو تھا تو میرے خیال میں وہ اس پر اور زیادہ، لیکن میں مرید کاظم صاحب سے ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب بھی انہیں کچھ بھی تکلیف ہو جاتی ہے یا وارڈز کی سطح پر یا ضلع لیول پر، تو وہ دوسرے کی طرف خواہ مخواہ انگلی اٹھاتے ہیں اور جب وہ انگلی اٹھاتے ہیں تو چار انگلیاں ان کی اپنی طرف ہو جاتی ہیں لیکن وہ یہ دیکھتے نہیں ہیں (قہقہے) تو اس میں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ صرف انسانی ہمدردی کی حد تک بات ہے اور ان شاءاللہ چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر: بس ان کی تشفی ہوئی ہے۔ آپ عبداللہ بنگش کی ایڈ جرنمنٹ موشن پر آئیں۔

وزیر قانون: ہمارے خوشحال گڑھ اور ٹل روڈ پہ واقعی جسطرح ہمارے قاری صاحب نے فرمایا، ہمارے جنوبی اضلاع اور پنجاب کو ملانے والی واحد روڈ ہے جو کوہاٹ سے ہوتا ہوا خوشحال گڑھ تک پہنچتا ہے، یہ تقریباً

2000ء میں F.H.A کو حوالے کی گئی ہے۔ جب یہ F.H.A کو حوالے کی جا رہی تھی اور ان شاءاللہ ابھی ہمارے جنوبی اضلاع کے سب ممبرز کو معلوم ہو گا۔۔۔۔۔

(مداخلت)

<u>وزیر قانون:</u> مہربانی جی۔ تو سب کو معلوم تھا کہ اس کی حالت بہت ہی ناگفتہ بہہ تھی تو F.H.A نے جب اس کا چارج سنبھالا تو اس کو تین حصوں میں Divide کر دیا۔

<u>جناب بشیر احمد بلور:</u> پوائنٹ آف آرڈر! دا کوم خلق راغلي دی۔ څه پته نه لګی دا څنګه اسمبلۍ کښې خود بهر سړے نشی راتلې، مونږه ته د اوښودے شي چې دا څوک دی، څنګه راغلي دی۔ او څه د پاره راغلي دی؟

<u>جناب سپیکر:</u> فوټوګرافران دی جی، ما تپوس اوکړو۔

<u>وزیر قانون:</u> میرے خیال میں آپ اپنی شناخت کرانا چاہتے تھے۔

(قہقہے/تالیاں)

<u>جناب بشیر احمد بلور:</u> بات یہ ہے کہ سپیکر صاحب کو بھی پتہ نہیں تھا۔ تو میں نے کہا کہ ان کو پتہ نہیں ہے تو ہمیں کیا پتہ ہو گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں میں نے پہلے پوچھا ہے۔

<u>وزیر قانون:</u> جناب سپیکر صاحب! بشیر بلور صاحب کا طریقہ واردات بہت اچھا ہے (قہقہہ) مہربانی جناب۔ تو F.H.A نے اس روڈ کو تین حصوں میں Divide کیا Phase-wise، تو اس پر ابھی کافی حد تک بلکہ ہمارے معزز رکن بھی یہ تسلیم کریں گے کہ کافی حد تک یہ روڈ ابھی بہتر ہو چکا ہے لیکن اس دور میں جبکہ اس کے پہلے جو پنکچر تھے، جو کھڈے تھے اور دیواریں گری تھیں، نالیاں اور پل بھی سارے خراب تھے، ابھی ان کو اس حالت میں لایا گیا ہے کہ وہ قابل استعمال ہو چکی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کہیں کہیں پر اس پر تکلیفات ہوں لیکن یہ ایک سال کا عرصہ ہوا ہے اس میں کہ F.H.A کو حوالے کی گئی ہے کچھ عرصہ بعد میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ یہ بہتر ہو جائے گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> عبداللہ بنگش صاحب! میرے خیال میں منسٹر صاحب کی انتہائی مدلل تسلی سے آپ کی تشفی ہو چکی ہو گی نا۔

قاری محمد عبداللہ: شکریہ جناب سپیکر، اتنی سی گزارش ہے کہ وہ اگر اس طرح یقین دہانی کرادیں تو مہربانی ہو گی، کہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: یقین دہانی تو وہ کرا چکے ہیں، مشکوک نہ بنائیں۔

قاری محمد عبداللہ: کہ فرنٹئر ہائی وے سے یہ بات کرینگے اور متعلقہ ٹھیکیدار کو تنبیہہ کرینگے۔ جو حصہ انہوں نے بنادیا ہے اور وہ بدستور خراب ہے، اس کی اصلاح کریں گے تو مہربانی ہو گی۔

وزیر قانون: محترم سپیکر صاحب! میں ان کو پھر آپ کی وساطت سے یقین دلاتا ہوں کہ اس کو بلا کر اور F.H.A کا ایم ڈی بلا کر اس کے ساتھ بیٹھ کر ان کی تسلی کرینگے اور جتنا جلد ہو سکے یہ ہم سب کی ضرورت ہے صرف ان کی نہیں یہ ہم سب کا مسئلہ انہوں نے پیش کیا ہوا ہے۔

Mr. Speaker: Abdullah Bangash Sahib, not pressed.

قاری محمد عبداللہ: جناب سپیکر! میں جواب سے مطمئن ہوں۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Not pressed.

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جناب پیر محمد خان صاحب۔

جناب پیر محمد خان: جناب پوائنٹ آف آرډر ما کړے وو۔ زما رور لاء منسټر وختی یوه فیصله په دې هاؤس کښې واوروله، ډیره خطرناکه فیصله یو خو هغه خبره چې د، ددوئ فیصله هغه د Constitution نه خلاف فیصله دوئ کړې ده۔ آرټیکل 31،

"Steps shall be taken to enable the Muslims of Pakistan, individually and collectively, to order their lives in accordance with the Fundamental Principles and basic concepts of Islam"

جناب سپیکر! دوئ چې کومه فیصله زمونږه رونړو ته د سزا په طور چې د هغوې خلاف به پرچې کیږی، ایف آئی آر به کیږی، هغوې څه غلط کار نه دے کړے۔ په دې Constitution کښې خبره د اسلام شوې ده۔ په دې ملک کښې به اسلام وی او په دې ملک کښې به هر کار د اسلام مطابق کیږی۔ کوم کار کوم حرکت چې د اسلام سره متضاد راځی نو د هغې به حکومت غور کوی او که حکومت نه کوی نو بیا مجبوری ده جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب زرگل خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: زرگل خان پلیز۔

جناب پیر محمد خان: په یو پوائنټ آف آرډر باندې پوائنټ آف آرډر نه شي کیدے Any other point of order may not be raised. I am on point of order.

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! Irrelevant خبره کوی دا دے کښې دغه شته، دا دغه اسلامک مونږه هم لوستے دے۔دیکښې دا شریعت بل به هم راځی، په دې باندے به هم خبره کوؤ۔خود دې دا مطلب نه دے ،دا د پرائیویټ خلقو کار نه دے چې پرائیویټ خلق به ځی او نقصان به ورکوی او بیا بل دا دے چې داConfusion create کوی۔د دوی خپل څه اختلافات دی نو هغه د حکومت سره پخپله اوکړی۔پکار نه ده چې۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب! آرټیکل۔227۔۔۔په اسلام کښې په دې Constitution کښې د۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پیر محمد خان صاحب ته لږ دا آرټیکل واوروه کنه۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب بشیر احمد بلور: دا بالکل غلط وائ۔قانون دا دے چې حکومت په هغې باندې ایکشن واخلی۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب پیر محمد خان: د هغه اشتهار اجازت په دې Constitution کښې نشته چې هغه د د اسلام سره خلاف وی۔ هغه د د دې Constitution سره خلاف وی۔نه هغه بورډ ځوک لګولے شی،نه هغه اشتهار څوک کولے شی او زمونږه د قوانین سره د خلق لوبے نه کوی۔که هغه یو سړے خپل اشتهار کوی،ملټی نیشنل کمپنی ده که هر څوک چې دے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پیر محمد خان صاحب! It is not a point of order

Mr. Pir Muhammad Khan: Speaker sahib, it is a point of order.
Mr. Speaker: It is not a point of order. Next.

جناب پیر محمد خان: دوی د خپل کیس واپس واخلی جناب سپیکر صاحب۔

Mr. Speaker: Next, Mr. Habib-ur-Rehman Khan, MPA, to please move his adjournment motion No.161. Mr. Habib-ur-Rehman Khan, MPA, please.

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب! که دوئ دا ایف آئی آر واپس نه اخلی نو بیا خو دلته کښې زمونږه د کښیناستلو ضرورت نشته ځکه چې د Constitution violation دې کیږی۔ زۀ به واک آؤټ کوم،دوئ به یا دا خپل ایف آئی آر واپس اخلی یا به زۀ واک آؤټ کوم۔دا Constitution سره لوبے کیږی۔دا د پیغمبرﷺ حدیث مبارک دے "من را منکراً منکم منکراً" هغه په دې حدیث باندې عمل کړے دے۔

جناب سپیکر: ځه Mr. Habib-ur-Rehman Khan میں نے رولنگ دی ہے کہ It is not a point of order. .It is not a point of order

جناب حبیب الرحمان: مہربانی جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: It is not a point of order.
Mr. Pir Muhammad Khan: It is a point of Order Mr. Speaker sir, according to constitution. I am not….

جناب زر گل خان: سر دے وزیر واخلئ نو دا مسئله حل شی۔

Mr. Speaker: State, state, state.

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب! زۀ به واک آؤټ اوکړم

(اس مرحلہ پر معزز رکن ایوان سے باہر چلے گئے)

جناب سپیکر: زر گل خان پلیز۔حبیب الرحمان خان۔

جناب حبیب الرحمان: جناب سپیکر صاحب! "اسمبلی کی کارروائی روک کر ایک اہم اور فوری مفاد عامہ کے نوعیت کے مسئلے پر بحث کی جائے اور وہ یہ کہ صوبائی حکومت ایک نمبر ون شمال مغربی سرحدی صوبہ فنانس ایکٹ 1996ء اور ترمیمی آرڈیننس 2002ء کے تحت ورجینیا تمباکو پر سیس ٹیکس کروڑوں میں

وصول کر رہی ہے اور ضلع بونیر کروڑوں میں اس مد میں ادا کرتا رہا ہے اور ایکٹ اور آرڈیننس کے تحت یہ ٹیکس ورجینیا کے پیداواری اضلاع میں سڑکوں کی تعمیر پر خرچ کرنا ہوتا ہے لیکن ہمارے ضلع بونیر اعلیٰ کوالٹی پیدا کرنے کے باوجود"۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Tobacco Cess.

جناب حبیب الرحمان: "اس حق سے محروم ہے لہٰذا اس مسئلے پر تفصیلی بحث کی اجازت دی جائے" جناب سپیکر! دا په 1996ء کښې صوبائی حکومت په تمباکو باندې Cess tax یا ډیویلپمنټ ټیکس اولګوؤ چه په ضلع کښې کوم نقل وحمل د تمباکو کیږی په هغې باندې ایک روپے بیس پیسے Per Kilogram هغوی ټیکس اولګوؤ بیا 2002ء کښې فوجی حکومت د آرډیننس په شکل کښې دا ټیکس برهاؤ کړو او دو روپئ فی کلوګرام دا ټیکس ئے اولګوؤ۔دا په 29 اپریل غالباً څمونږه وزیر قانون ملک ظفر اعظم صاحب هغه اسمبلی ته مخامخ کړو، هغه مونږه Validate کړو، د هغې مونږه اجازت ورکړو۔دا ورجینا تمباکو یا تمباکو دا یو ډیر Vast Subject دے خو زۀ صرف د خپل غرض پورے محدود کومه او هغې طرف ته ئے راولمه۔ د تمباکو ډیر قسمونه دی۔په دې کښې بنیادی شې چې دے، هغه ورجینا تمباکو دے۔ ورجینا تمباکو دا د شیخ سعدی صاحب د هغې هندوانے متشابه دے، لکه هندوانه واخله،دانے به ئے چرګے ته واچولې او پوستکی به ئے اس ته واچولې او مغز به ئے پخپله اوخرے۔دا ورجینا تمباکو،دتمباکو درے څلور قسمه دی،هغې باندې زۀ راځمه خو د دې دومره فائده ده چې دا مرکزی حکومت ته د بیس،بائیس ارب روپو اوچه Indirect tax ورسره جمع کړے نو اړتیس ارب روپئ دا مرکزی حکومت ته د ټیکس په شکل کښې ادا کوی۔ او د دے صوبے ته د Cess tax په شکل کښې سالانه د دس او د باره بلکه د تیره کروړ روپو سالانه هغه محصول چې کوم لګی په تمباکو باندې، د صوبے ته ادا کوی نو څکه مے دا خبره اوکړه۔ دے نه علاوه د ورجینیا تمباکو زمونږه چې کوم ټارګټ دے،بورډ چې کوم کوټه ورکوی،هغه د پانچ سو ملین یا د پینځه کروړو او د شپږو کروړو کلوګرام په مینځ کښې دے۔ دوه روپئ ټیکس بهر حال کروړونه روپئ سالانه د دې نه علاوه ملکی تمباکو چه مونږ ورته وایو، د هغې په نقل

وحمل باندې هم دے نه علاوه پیسې دی۔ دوه روپۍ۔په دې کښې چوره ده په هغې باندې هم دے په دې "ائرکیو"تمباکو دی په هغې باندې ټیکس دے ، په دې کښې"برلے"دے په هغې باندې هم ټیکس دے ، دا ټیکسونه ټول راجمع کړئ نو دا کروړونو روپو ته رسی۔ اوپه آرډیننس کښې چې د دې کوم دغه ئے ښودلے دے چې دا به مونږه په څه کښې خرچ کوؤ؟دهغې هغه وجه ئے هم ښودلے ده۔نو دا ځکه مے دا خبره اوکړه،د Cess tax باره کښې ئے دا وئیلے دی چې The proceeds of the Cess shall be utilized for special maintenance and development of roads. Such activities as are directed towards the development of tobacco production, maintenance, development of infrastructure in the province" دا درې مدونو کښې صاحب دا خرچ کیږی۔دیکښې الفاظ استعمال شوې"Shall"،یعنی د دې مطلب دادے چې Must be utilized, ought to be utilizedیعنی خواه مخواه حکومت په دې مجبوره دے چې دا Cess taxبه خواه مخواه په ضلعو کښې چظ کوم ورجینیا تمباکو پیدا کوی،دا به په هغې کښې لګی او ځکه زۀ دا خبره کومه چې د خوش بختی نه د بونیر ورجینیا تمباکو،د مانسهرے او د بونیر ورجینیا تمباکو په ټوله دنیا کښې نمبر ایک دی، په پاکستان کښې نه بلکه په ټوله دنیا کښې نمبر ایک تمباکو دی۔او صورتحال دادے ،زۀ د بونیر په حوالے سره خبره کومه چې مونږ ته تر اوسه پورے په Cess tax کښې د سړکونو په ډیویلپمنټ کښې یو پیسه خرچ نه دے شوې۔دا زۀ په وثوق سره ځکه وایمه چې مخکښې هم ما دا د دې اسمبلئ په فلور باندې وئیلی وو چې په تیرو پنځلس کالو کښې په بونیر کښې Re-surfacing د یو آنے نه دے شوې۔په تیر فوجی حکومت کښې یو شپږ کلومیټره روډ زمونږه شوې وو،ایک کروړ تیره لاکھ روپۍ هغه هم د افغان ریفیوجیز د فنډ نه شوې وے ځکه زۀ په وثوق سره دا خبره کومه چې په Cess tax کښې مونږ ته د یوے پیسې کارنه دے شوې۔دا زۀ په دې حواله خبره کومه چه د بونیر سړکونه مخکښې مے هم دے اسمبلئ په فلور باندې وائیلی وو چې ټول کهنډر دی۔۔۔۔۔

<u>جناب امیر رحمان:</u> دا دے ټولے صوبے سره اوتړه۔

<u>جناب حبیب الرحمان:</u> دا پینځه شپږ ضلعے دی په دې صوبه سرحد کښې،زما د صوابی روړونه دی،د مردان دی۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: حبیب الرحمان د مسئلے وضاحت شوې دے ، دا له مطلب دا دے چې په Initial state کښې دے۔

جناب حبیب الرحمان: یو منټ صاحب، یو منټ، د سړکونو په حواله سره دا زمونږه د بونیر نه۔۔۔۔۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: محترم سپیکر صاحب ! اتنے معزز رکن ہمارے اسمبلی سے باہر جا چکے ہیں۔

جناب حبیب الرحمان: یو منټ جی، یو منټ کښې زهٔ خپله خبره را تهولوم۔یو منټ کښې سپیکر صاحب خبره ختمومه۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب سے میں استدعا کرونگا، انہوں نے آئین کا حوالہ دیا ہے۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پیر محمد خان جو کہ اس اسمبلی کے معزز رکن ہیں، اسمبلی سے باہر جا چکے ہیں اور میرے خیال میں ہم باقی ہاؤس کے ممبرز کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ کوئی بھی معزز رکن جب اسمبلی سے باہر چلا جائے تو اس کے لئے کوئی سلسلہ ہم کرتے رہتے ہیں۔میرے خیال میں پلیز آپ پہلے ہمارے رکن کو اندر بلائیے پھر کارروائی کو جاری رکھیں۔ان کا پوائنٹ۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: بس بات ہو گئی۔بس۔حبیب الرحمان، پلیز Conclude کړه، حبیب الرحمان خان مختصر کړه۔

جناب حبیب الرحمان: یو منټ جی دغه کومه۔ اوس جی د سړکونو په حواله سره زمونږه یو سړک په اے ډی پی کښې راغلې دے سر کلامارتم روډ۔ما د ټولو دفترو چکر اولګولے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز آرڈر۔پلیز آرڈر۔

جناب امیر رحمان: جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: He is already on the floor, Habib ur Rehman!

جناب حبیب الرحمان: مونږه جی د ټولو دفترونو چکرے اولګولے نو چې ډیر زیات ستړے شومه یعنی ورکس اینډ سروسز ته هم لاړمه، چیف اکانومسټ له لاړمه، د

انفرا سٹرکچر چیف له هم لاړمه خو چې مایوس شوم،په آخره کښې سی ایم له لاړمه۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: حبیب الرحمان خان! لا ایډمټ شوې نه دے ،بس دغه بریف پوره دے کنه۔

جناب حبیب الرحمان: هغوې مهربانی اوکړه ،دا سرکے ئے په خپل directive کښې هدایات ئے جاری کړل چې دا سرکلا مارتم روډ دے خود کنجئ خبره چې ورته ئے اوے چې واده د دې نو هغې وے چې یقین مے نه شې نو دوئ خو مهربانی کړے ده خو زهٔ په دې فلور ستاسو په وساطت سره متعلقین ته دا ویم،محکمې چې ځومره دی چې دا سرکلا مارتم روډ دپه اے ډی پی شامل شي۔

جناب سپیکر: اوشو،بس شوې دی۔عبدالاکبر خان صاحب!۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں آپکا مشکور ہوں کہ آپ نے اس انتہائی، میں سمجھونگا کہ یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے۔روڈز کی حد تک تو بھی ٹھیک ہے لیکن جوCess لگایا گیاہےاورابھی جو باہر ٹوبیکو کے جو کاشتکار ہیں وہ یہاں پر آئے ہوئے تھے۔جناب سپیکر! میں تھوڑی سی اس کی ہسٹری بتادوں کیونکہ یہ اس صوبے کی تقریباً50% آبادی سے اسکا تعلق ہے۔وہ یہ کہ جی ٹیکس1996ء میں خاص مقصد کیلئے لگایا گیا تھا کہ جو چار چھ پوائنٹس بنائے گئے تھے کہ جو بھی ٹوبیکو صوبہ سرحد سے باہر جائے گا اسی پر ٹیکس ہو گا تاکہ باہر ٹوبیکو جانے سے اس کاریٹ زیادہ ہو گا تو وہ لوگ ادھر صوبے میں آکر کارخانے لگائیں گے اور یہاں پر انویسٹمنٹ کریں گے تو ان کیلئے وہ باقی ضلعوں میں نہیں تھا صرف ان پوائنٹس پر تھا جو صوبے سے باہر جاتے تھے۔جناب سپیکر! اب 1999ء میں اس ٹیکس کو پھر وہ جو باہر پوائنٹس تھے،وہ ختم کر دیئے گئے اور پھر دو روپے فی K.G.یہ کہہ رہے ہیں،یہ 1999 Actually میں اس کو کر دیا گیا تھا لیکن جناب سپیکر،ابھی جوRecent Billآیا ہے،اس میں جہاں تک اس کے B' Section'کا تعلق ہے اور جس میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ اس جگہ پر Collect ہو گا کہ جو Tobacco District to district transport ہو گا اب جناب سپیکر،دو باتیں اس میں کی گئی ہیں۔

Mr. Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan! Is it relevant to the present adjournment motion?

Mr. Abdul Akbar Khan: Yes, it is, why not, when he is talking about the tobacco cess and I am also talking about tobacco cess.

جناب سپیکر: نه د غه خبره چه دا په هغه ضلع کښې د سړکونو په مرمت باندې لګیدو باندې پکار دے ، د دوئ متعلق د غه را وړئ۔

جناب عبدالاکبر خان: نه جی، چه Collect شې بیا به لګی کنه۔ زهٔ خو دا وایم چې Collect کیږی غلط۔

جناب سپیکر: حکومت نوټ کړې ده ، زما په خیال د حکومت مؤقف معلوموؤ۔

جناب عبدالاکبر خان: نو حکومت مؤقف به مونږ بنه کوؤ حکومت خو بل له راا وړے دے۔

